سوال

(657)کیا بھینسے کی قربانی جائز ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا بھینسے کی قربانی جائز ہے ؟ اور یہ بھی وضاحت فرمائیں گھوڑے کی قربانی جائز ہے ؟ جبکہ شریعت میں گھوڑا حلال ہے ۔ (محمد عثمان ، چک چٹھہ)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

بھینس اور گھوڑے کی قربانی قرآن وسنت سے ثابت نہیں ۔ کسی جانور کے حلال ہونے سے اس کی قربانی کے جواز پر استدلال درست نہیں ۔ دیکھئے ظبی وہرن حلال ہے جبکہ اس کی قربانی درست نہیں ۔ ۱۰ ۱ ۱۴۲۴ھ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02ص652

محدث فتویٰ